12009 کلاس نہم (67)

فزکس گروپ دوسرا — وقت=15 منٹ

تعلیمی سیشن: 2007 - 2009, 2008-2010 — **حصہ معروضی** — کل نمبر=12

ہدایات

۱۔ اوپر دیے گئے کالم احتیاط سے پر کیجیے ۲۔ تمام سوالات حل کرنا ضروری ہے

۳۔ تمام سوالات کے جوابات اسی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دی گئی جگہ پر لکھیے۔ ۴۔ کاٹ کر یا مٹا کر لکھا گیا جواب غلط تصور ہوگا۔

۱۔ مندرجہ ذیل میں سے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیے گئے ہیں۔ درست جواب کے نمبر کے گرد دائرہ لگایئے ۱۲

(i) ابن الہیثم نے نمایاں کام کس شعبے میں کیا

(الف) آواز (ب) حرارت (ج) آپٹکس (د) ریاضی

(ii) سسٹم انٹرنیشنل میں لمبائی کا یونٹ ہے

(الف) میٹر (ب) کلوگرام (ج) گرام (د) سینٹی میٹر

(iii) ولاسٹی میں تبدیلی کی شرح کو کہتے ہیں (الف) ڈسپلیسمنٹ (ب) ایکسلریشن (ج) موشن (د) فاصلہ

(iv) علامتی طور پر نیوٹن کا دوسرا قانون یکساں لکھا جا سکتا ہے (الف) $F=ma$ (ب) $F=\frac{m}{a}$ (ج) $F=\frac{a}{m}$ (د) $m=Fa$

(v) اگر Fx اور Fy ویکٹر F کے ریکٹینگولر کمپوننٹس ہوں تو اس کی سمت معلوم کی جا سکتی ہے

(الف) $\theta=\tan^{-1}\frac{F_x}{F_y}$ (ب) $\theta=\tan^{-1}\frac{F_y}{F_x}$ (ج) $\theta=\cos^{-1}\frac{F_x}{F_y}$ (د) $\theta=\sin^{-1}\frac{F_y}{F_x}$

(vi) اگر جسم کو ہلانے سے وہ دوبارہ حالت سکون میں آجائے اور اس کے سنٹر آف گریویٹی کی جگہ نہ بدلے تو ایسا ایکوی لبریم کو کہتے ہیں

(الف) نیوٹرل ایکوی لبریم (ب) غیر قیام پذیر ایکوی لبریم (ج) قیام پذیر ایکوی لبریم (د) یونیفارم ایکوی لبریم

(vii) اگر ماس m کا جسم ولاسٹی v سے ایک دائرے (جس کا ریڈیس r ہو) میں حرکت کر رہا ہو تو جسم پر سنٹری پیٹل فورس ہوگی

(الف) $F_c=\frac{mv^2}{2r}$ (ب) $F_c=\frac{mv}{r^2}$ (ج) $F_c=\frac{mv^2}{r}$ (د) $F_c=\frac{mv}{r}$

(viii) وقت کے لحاظ سے ورک کی شرح کہلاتی ہے

(الف) فورس (ب) پاور (ج) انرجی (د) جول

(ix) مشین پر عمل کرنے والی فورس جو کام سرانجام دیتی ہے اسے کہتے ہیں

(الف) آؤٹ پٹ (ب) افورٹ (ج) لوڈ (د) ان پٹ

(x) زمین کا ریڈیس ہے

(الف) 6.9×10^8m (ب) 6.4×10^6m (ج) 6.4×10^3m (د) 6.5×10^5m

(xi) سسٹم انٹرنیشنل میں وسکاسٹی کا یونٹ ہے

(الف) $Kgms^{-2}$ (ب) $Kgm^{-1}s$ (ج) $Kgms^{-1}$ (د) $Kgm^{-1}s^{-1}$

(xii) زمین پر سورج سے حرارت کے ذریعے سے پہنچتی ہے

(الف) کنڈکشن (ب) کنوکشن (ج) ریڈی ایشن (د) ان تمام کے ذریعے